علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

عنوان: اسلام کا قانون وراثت (2961) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ تخصص شریعہ)

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر1
(یونٹ نمبر1-4)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ اسلامی قانونِ وراثت ایک جامع نظام ہے جو مالی حقوق کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بناتا ہے۔ وراثت کی تعریف اور اس کی اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ وراثت کے صحیح نفاذ کے لیے کچھ بنیادی عناصر ضروری ہوتے ہیں۔ ارکانِ وراثت اور اسبابِ میراث کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ بعض عوامل ایسے ہوتے ہیں جو وراثت سے محرومی کا سبب بنتے ہیں۔ موانعِ وراثت کی تفصیل بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ ذوی الفروض وہ افراد ہیں جن کے حصے قرآن میں مقرر کیے گئے ہیں۔ ان کی اقسام اور حصص کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ ا عصبات کو وراثت میں اہم مقام حاصل ہے جو باقی مال کے حق دار ہوتے ہیں۔ عصبات کی اقسام اور احکام بیان کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2
(یونٹ نمبر5-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ ذوی الارحام وہ رشتہ دار ہیں جو مخصوص حالات میں وارث بنتے ہیں۔ ان کی تعریف اور حیثیت پر تفصیلی روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ حجب کا اصول بعض ورثاء کو مکمل یا جزوی طور پر محروم کر دیتا ہے۔ حجب کی اقسام اور اصول بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ عول اور رد کے قواعد وراثتی حصص میں توازن پیدا کرتے ہیں۔ ان قواعد کی تشریح مثالوں کے ساتھ کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ اسلامی قانونِ وصیت ایک اضافی مالی تصرف کی اجازت دیتا ہے۔ وصیت کی تعریف اور اس کے اصول بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ وراثت اور وصیت دونوں مالی تقسیم کے ذرائع ہیں مگر ان میں فرق پایا جاتا ہے۔ دونوں کا تقابلی جائزہ پیش کریں۔ (20)